ضلع گروس۔ گیراؤ میں خوش آمدید

بچ کر نکل آنے والے بچوں اور نوجوانوں کے لیے معلومات

تم جرمنی میں بالکل تنہا ہو؟

اگر تم اکیلے آئے ہو تو ان میں سے کسی ایک سرکاری افسر یا دفتر سے رابطہ کرو:

- **پولیس**
- **سرکاری امدادی تنظیم**

یا بہتر ہو گا کہ سیدھا ہمارے پاس، Team umA کے پاس آؤ

Team umA کیا ہے؟

ہم Team umA کے لوگوں کو خاص طور پر دوسرے ملکوں کے بچوں، نوجوانوں کا خیال رکھنے اور ان کو جرمنی میں رہنے میں مدد دینے کی تربیت

دی گئی ہے۔

umA کا مطلب ہے : بغیر سرپرست کے کم سن غیر ملکی

کیا تمہاری عمر 18سال سے کم ہے؟
کیا تم والدین کے بغیر جرمنی میں آئے ہو؟

تب ہم تمہارے ذمے دار ہیں۔

کسی غیر سرکاری شخص کے ساتھ مت جاؤ، جو تمہیں یہ پیشکش کریں کہ وہ تمہارا خیال رکھیں گے۔

تب بھی نہیں، اگر وہ تمہارے ساتھ بہت سی اچھی چیزوں کا وعدہ کریں!

ہم Team umA کے لوگوں کا تعلق نوجوانوں اور خاندانوں سے متعلق شعبے سے ہے، اس کا مطلب ہے ، ضلع گروس ۔گیراؤ کی ایک سرکاری

جگہ سے۔

ہم اس بات کا خیال رکھیں گے کہ تم ٹھیک رہو۔

ہم اس کا انتظام کریں گے کہ تم ایک محفوظ جگہ پر رہو، ایسی جگہ، جہاں پر تمہیں کھانا، کپڑے اور دوائیاں ملنے کا انتظام ہو۔

(اس کو کہتے ہیں اپنی حفاظت میں لینا)

ضلع گروس ۔گیراؤ میں ہمارا پتہ ہے:

Kreisverwaltung Groß-Gerau
Fachbereich Jugend und Familie / Jugendamt

TEAM-umA

Wilhelm-Seipp-Str. 4
64521 Groß-Gerau
Mail: betreuung.uma@kreisgg.de
ٹیلیفون **06152-989-761**
یا ٹیلیفون**06152-989-552**

www.kreisgg.de/uma

تمہارے لیے ایک جگہ ڈھونڈنا

ہم Team umA کے لوگ تمہیں بتائیں گے کہ جرمنی میں تمہاری آمد اور زندگی کیسی ہو سکتی ہے - (اس کو کلیئرنگ (وضاحت) کہتے ہیں)

پھر اس بات کی جانچ کرنی ہو گی، کہ تمہارے لیے جگہ کہاں پرمیسّر ہے۔ تمہیں شروع میں تب تک اس جگہ پر رہنا ہو گا، جہاں پر تمہیں سب سے پہلے ٹھہرایا گیا تھا۔

(اس کو کہتے ہیں عارضی حفاظت میں لینا)

کیا جرمنی میں تمہارے رشتے دار یا دوست ہیں، جہاں تمہیں جانا چاہیے؟

تو پھر Team umA کو بھی یہ بتاؤ۔ پھر ہم مل کر یہ جانچ کریں گے ، کہ کیا یہ موقع تمہارے لیے اچھا ہے۔

اگر جرمنی میں تمہارا کوئی نہیں ہے، جس کے پاس تم رہ سکو، تو ا یک اور امکان بھی ہے،

مثال کے طور پر یہ کہ ایک نوجوانوں کے ہوم میں یا گروپ میں تمہاری کسی کے ساتھ رہائش ۔ وہاں پر نوجوان لوگ مشترکہ رہائش گاہ میں اکٹھے کسی نگران کے ساتھ

رہتے ہیں۔

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تم جس شہر میں آئے ہو، وہاں پر تمہاری رہائش کے لیے کوئی جگہ خالی نہ ہو ۔

تب ہم تمہارے لیے کسی دوسرے شہر یا گاؤں میں کوئی خالی جگہ تلاش کریں گے۔

پھر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تمہیں ایک بار پھر اپنی جگہ تبدیل کرنی پڑے۔ (اس کو کہتے ہیں ، دوبارہ مختص کرنا)

تم Team umA کے ساتھ ہر وقت بات کر سکتے ہو!

اگر تمہیں کوئی پریشانی ہو یا ہنگامی ضروت ہو یا کسی فیصلے سے اتفاق نہ ہو تو تم umA-Team کو بتاؤ۔

یہ ٹیم کوشش کرے گی کہ تمہارے ساتھ مل کر کوئی حل ڈھونڈے!

یہاں جرمنی میں تمہارے کسی دوست یا رشتے دار نے پہلے ہی تمہیں اپنے پاس رکھ لیا ہے؟

مہربانی کر کے **نوجوانوں اور خاندانوں سے متعلقہ مقامی شعبے** کو اس بارے میں مطلع کرو! یہ بہت اہم ہے۔
اس شعبے کا نام دوسرے شہروں میں یا دوسری تحصیلوں میں کچھ اور ہو سکتا ہے۔ یہ نام آپ کو ہمیشہ مقامی بلدیاتی انتظامیہ (Stadtverwaltung)یا ضلعی انتظامیہ (Kreisverwaltung) سے مل سکتا ہے۔

نوجوانوں اور خاندانوں سے متعلق شعبے کو تمہارے ساتھ مل کر یہ جانچ کرنی ہو گی کہ کیا تم وہاں پر رہ سکتے ہو۔ اس کے لیے یہ شعبہ دوستوں/رشتے داروں کے ساتھ بات کرے گا اور صورت حال کے مطابق اسے تمہارے والدین کے ساتھ رابطہ کرنا ہو گا۔ اور اس بات کی وضاحت کرنی ہو گی کہ کیا تمہارے لیے کافی جگہ ہے اور کیا تمہارے ساتھ اچھا سلوک ہوتا ہے اور تمہارا خیال رکھا جاتا ہے۔
اس بات کی وضاحت بھی ضروری ہو گی کہ سرکاری طور پر تمہارا ذمے دار کون ہے؛ شاید ممکن ہو کہ تمہارے دوست یا تمہارے رشتے دار ہوں، یا شاید تمہیں کوئی سرپرست مل جائے۔
بہرحال **نوجوانوں اور خاندانوں سے متعلق شعبے** سے خاندان کو مدد مل سکتی ہے۔
اگر تمہاری طبیعت ٹھیک نہیں یا تمہیں کسی معاملے میں مدد کی ضرورت ہو تو مہربانی کر کے ***Team umA*** سے رابطہ کرو۔ پھر ہم تمہارے ساتھ مل کر یہ جانچ کریں گے کہ تمہارے لیے کیا بہتر ہے۔

سرپرست کیا ہوتا ہے اور وہ کیا کرتا ہے؟

اگر تمہاری عمر 18سال سے کم ہے ، اور تم اپنے والدین کے بغیر جرمنی میں اکیلے ہو ، تو ایسی صورت میں تمہیں ایک سرپرست ملے گا/گی۔

ایک سرپرست ان کاموں کا ذمے دار ہوتا /ہوتی ہے، جو عام طور پر تمہارے والدین نے کرنے ہوتے ہیں ۔
یہ امکان بھی ہو سکتا ہے کہ تمہارے خاندان یا تمہارے رشتے داروں میں سے کوئی فرد تمہاری سرپرستی کی ذمے داری لے لے۔
اگرتمہارے والدین جرمنی آ جائیں تو پھر یہ سرپرستی ختم ہو جائے گی۔

تم اپنے والدین کے ساتھ یا والدین میں سے کسی ایک کے ساتھ جرمنی میں ہو؟

اگر تم اپنے والدین کے ساتھ جرمنی میں داخل ہوئے ہو، اور تمہیں معلوم نہیں ہے کہ تمہیں کہاں جانا چاہیے تو پھر تم مل کر دوسرےپناہ گزینوں کے ساتھ ایک ایسی جگہ پر رہو گے جہاں سب سے پہلے ٹھہراتے ہیں (*EAEH*)۔ ہو سکتا ہے کہ تمہیں تھوڑے عرصے کے بعد جرمنی کی کسی دوسری ریاست میں منتقل ہونا پڑے۔ (مختص کرنا)

اگر تم اپنے خاندان کے ساتھ یہاں پر ہو ، اور تمہیں مدد کی ضرورت ہو تو تب بھی تم **نوجوانوں اور خاندانوں سے متعلق شعبے** سے رابطہ کر سکتے ہو۔

نوجوانوں اور خاندانوں سے متعلق شعبے کے کارکنان اسی لیے وہاں پر ہیں کہ جرمنی کے سب خاندانوں کو اگر مدد کی ضرورت ہو اور اگر وہ جرمن نہیں ہیں، تب بھی ان کی مدد کریں،

ان کو اس لیے مقرر کیا گیا ہے تا کہ بچے اور نوجوان صحت مندی کے ساتھ پروان چڑھ سکیں ۔ اس کے لیے وہ ان خاندانوں کو مشورے دیتے ہیں اور ان کی مدد کرتے ہیں، جو کسی بھی وجہ سے کبھی اپنے کام نپٹا نہیں سکتے۔

اگر تمہیں بھی مدد کی ضرورت ہے ، کیونکہ

- ---- تمہارے خاندان میں بہت جھگڑے ہوتے ہیں،
- ---یا تمہاری ماں یا تمہارا باپ تمہارا یا تمہارے بہن بھائیوں کا خیال نہیں رکھ سکتے،

کیونکہ وہ خود بھی ٹھیک نہیں ہیں ، جیسے کہ مثال کے طور پر وہ سارا دن بستر میں لیٹے رہتے ہیں یا بہت اداس رہتے ہیں،

- ------ یا تمہارا سکول میں داخلہ نہیں ہو سکتا
------ یا تم شوق سے جرمن زبان سیکھنا چاہتے ہو ،

ایسی صورت میں تم **نوجوانوں اور خاندانوں سے متعلق شعبے** سے رابطہ کرو۔

اگر تم پہلے سے ہی سکول جا رہے ہوتو تم سکول کے/ کی سوشل ورکر سے بات کر سکتے ہو۔

https://www.kreisgg.de/bildung/schulsozialarbeit/standorte/

سکونت (سکونت کی کیفیت؟)

بہتر ہو گاکہ تم مشاورتی مرکز (Beratungsstelle) سے رابطہ کرو۔ وہ تمہارے بہت سے سوالوں کے جواب دے سکتے ہیں اور تمہاری مدد کر سکتے ہیں۔

فرار ہو کر آنے والوں & پناہ گزینوں کے لیے مشاورت کی پیشکش کے لیے اس لنک سے پتے تلاش کریں - https://adressen.asyl.net/

صحت

اگر تمہیں جسمانی یا ذہنی مسائل ہیں یا درد ہےتو تم کیا کرسکتے ہو؟

تمہیں یہ حق حاصل ہے کہ تم ایک ڈاکٹر یا لیڈی ڈاکٹر سے اپنے مسائل یا تکلیف کے بارے میں بات کر و اور اپنا علاج کرواؤ!

Patientenservice tel. 116117

https://www.116117.de

یہ جسمانی شکایات کے لیے ہے، مگر ذہنی یا نفسیاتی مسائل کے لیے بھی ہے۔ مثال کے طور پر جب تمہیں بہت خراب نیند آئے ، جب تم ہمیشہ یہ سوچتے رہو کہ کیا ہو گیا ہے یا جب تمہیں ہمیشہ بہت ڈر لگتا رہے ، یا تمہیں بے چینی ہو ، یا تم چڑ چڑے ہو ۔ ایسی صورت میں تم کسی کی مدد لو! کسی کے ساتھ بات کرو، جس پر تمہیں اعتبار ہو، اس کو بتاؤ کہ تمہارا کیا حال ہے!

اگر تمہیں فوری مدد چاہیے ، تو تم ہمیشہ کسی ہسپتال کے ایمرجنسی کے شعبے میں جا سکتے ہو یا (ایمرجنسی نمبر) **112** پر فون کر سکتے ہو۔ ہیلتھ انشورنس کارڈ کے بغیر بھی تمہیں مدد ملے گی۔

تم کسی بھی وقت ٹیم ***Team umA***سے اپنے سوالات پوچھ سکتے ہو۔

سکول کے بارے میں کیا ہے؟

جرمنی میں ایک اچھے اور محفوظ مستقبل کے لیے سکو ل اور پیشہ وارانہ تعلیم اہم اقدامات ہیں ۔ جرمنی میں سکولوں کا نظامِ تعلیم کچھ پیچیدہ ہے، کیونکہ جرمنی میں ہر ریاست کا اپنا قانون ہے ۔

لیکن جرمنی میں ہر بچے اور نوجوان کے لیے سکول کی تعلیم لازمی ہے، اس کا مطلب ہے کہ یہ ان کا حق اور ان کا فرض ہے کہ وہ سکول میں جائیں۔

اس سے پہلے کہ تم کچھ اور کرنا چا ہو، ضروری ہے کہ تم **جرمن زبان سیکھو**۔ اگلے سب کام کرنے کے لیے جرمن زبان ایک چابی ہے!

Staatliches Schulamt für den Kreis Groß-Gerau

Aufnahme- und Beratungszentrum

Tel. 06142 5500 0

E-Mail: poststelle.ssa.ruesselsheim@kultus.hessen.de